Government of Pakistan
Cabinet Division
Special Technology Zones Authority

SPECIAL TECHNOLOGY ZONES AUTHORITY

PRESS RELEASE

اسپیشل ٹیکنالوجی زونزاتھارٹی اور فیڈریشن آف پاکستان چیمبر زآف کامرس اینڈانڈسٹری کا باہمی تعاون پر اتفاق

23/06/2022

اسپیشل ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی (STZA) کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے چیئرمین عامر ہاشمی کی قیادت میں کراچی میں فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کادورہ کیا۔ایف پی سی سی آئی کے قائم مقام صدر شبیر منشانے STZA کے وفد کا خیر مقدم کیا۔STZA کے چیئرمین نے معاشی ترقی کے انجن کے طور پر دنیا بھر میں علمی ایجادات کے نظام کے کردار کو اجاگر کیااور کہا کہ خصوصی ٹیکنالوجی زونز (STZs) بین الاقوامی معیارات کے مطابق ڈیزائن کیے گئے ہیں۔انہوں نے STZA کے قومی رول آؤٹ پلان کی وضاحت کی، جس کے تحت صوبہ سندھ میں متعدد خصوصی ٹیکنالوجی زونز کھولے جانے کاامکان ہے۔ اجلاس میں پاکستان سنگل ونڈو، سمیڈااور کئی معروف یونیورسٹیوں کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔

ایف پی سی سی آئی کے قائم مقام صدر شبیر منشانے STZA کے وژن کی تعریف کی اوراس کے منصوبوں کے لیے اپنی حمایت کااظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں ٹیکنالوجی کے پیشہ ورافراد کی کمی ہے جسے نوجوانوں کو ٹیکنالوجی کے شعبے کواپنانے کی ترغیب دینے کے نئے مواقع پیدا کر کے پورا کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے پاکستانی ٹیکنالوجی پیشہ ورافراد کو درپیش متعدد چیلنجوں کی بھی وضاحت کی جن میں بیرون ملک ان کے سرٹیفیکیشنز کی منظوری اور ملک کے ٹیکنالوجی کے شعبے میں دستیاب مجموعی مہارت کے معیار شامل ہیں۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چیف کمرشل آفیسر ایس ٹی زیڈاے جاوید اقبال نے کہا کہ پارلیمنٹ کے ایکٹ کی شکل میں مطلوبہ قانون سازی کی حمایت ایس ٹی زیڈاے کو فراہم کر دی گئی ہے اوراس نے پہلے ہی لاہور، اسلام آباد اور ہری پور (کے پی کے) میں خصوصی ٹیکنالوجی زونز کا آغاز کر دیا ہے، جوانوویشن کے ٹرپل ہیلکس ماڈل پر مبنی ہیں۔STZA کے چیف انفارمیشن آفیسر عبدالرحیم احمد نے کہا کہ STZA ملک بھر میں STZs شروع کرنے کاارادہ رکھتا ہے تاکہ تاجروں، اسٹارٹ اپس، اور چھوٹے، درمیانے اور بڑے پیمانے پر ٹیکنالوجی کی تنظیموں کے لیے مستقبل کے مواقع پیدا ہوں۔

چیئرمین STZA نے میزبانی کرنے پر FPCCI کا شکریہ ادا کیااور صوبہ سندھ میں STZs لانے کے لیے تاجر برادری کے ساتھ مل کر کام کرنے کی خواہش کااظہار کیا۔ایف پی سی سی آئی اور ایس ٹی زیڈاے کے وفود نے پاکستان میں ٹیکنالوجی کی صنعت میں سہولیات فراہم کرنے لیے تعاون کرنے پر بھی اتفاق کیا جس ضمن میں مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔